# کیا مرد اپنی محرم عورتوں کو مہندی لگا سکتا ہے؟

**مجیب:** مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3768

**تاریخ اجراء:** 24شوال المکرم1446ھ /23اپریل2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا مرد اپنی ماں یا بہن کو مہندی لگا سکتا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مرد کا اپنی محارم جیسے ماں، بہن وغیرہ کے سر، بازو اور قدم کی طرف نظر کرنا اور ان کو چھونا جائز ہے جبکہ دونوں میں سے کسی کو شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔ لہذا پوچھی گئی صورت میں اگر کوئی شخص اپنی والدہ یا بہن کے ہاتھ، پاؤں یا سر پر جائز مہندی لگاتا ہے، تو اس میں کوئی حرج نہیں جبکہ دونوں میں سے کسی کی شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔ در مختار میں ہے

”(ومن محرمه) هي من لا يحل له نكاحها أبدا۔۔۔(إلى الرأس والوجه والصدر والساق والعضد إن أمن شهوته) وشهوتها أيضا (وإلا لا، لا إلى الظهر والبطن)“

ترجمہ: محرم یعنی وہ جس سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے، اس کے سر، چہرہ، سینہ، پنڈلی، بازو کی طرف نظر کرنا جائز ہے بشرطیکہ دونوں طرف سے شہوت سے ہو، اور اگر شہوت کا اندیشہ ہو تو نظر نہیں کر سکتا، اور پیٹ اور پیٹھ کی طرف بہر حال دیکھنا جائز نہیں۔ (در مختار مع رد المحتار، ج6، ص367، دار الفکر، بیروت)

ہدایہ میں ہے

"ولا بأس بأن يمس ما جاز أن ينظر إليه منها"

ترجمہ: عورت کے جس عضو کو دیکھنا جائز ہے، اسے چھونے میں بھی حرج نہیں۔ (ہدایہ، ج4، ص371، داراحیاء التراث العربي)

بہار شریعت میں ہے "جو عورت اس کے محارم میں ہو اس کے سر، سینہ، پنڈلی، بازو، کلائی، گردن، قدم کی طرف نظر کر سکتا ہے، جبکہ دونوں میں سے کسی کی شہوت کا اندیشہ نہ ہو محارم کے پیٹ، پیٹھ اور ران کی طرف نظر کرنا ناجائز ہے۔۔۔ محارم سے مراد وہ عورتیں ہیں جن سے ہمیشہ کے لیے نکاح حرام ہے، یہ حرمت نسب سے ہو یا سبب سے مثلاً

رضاعت یا مصاہرت۔۔۔ محارم کے جن اعضا کی طرف نظر کر سکتا ہے ان کو چھو بھی سکتا ہے، جبکہ دونوں میں سے کسی کی شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔" (بہار شریعت، ج3، حصہ16، ص444، 445، مکتبۃ المدینہ)

وَ اللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net